شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

29دسمبر2023ء

پریس ریلیز

ملک میں عام انتخابات کے صاف، شفاف اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): ملک میں عام انتخابات کے صاف، شفاف اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ تنظیم اسلامی کی سوچی سمجھی اور محکم رائے ہے کہ موجودہ فرسودہ نظام کو بدلنے کا واحد راستہ انقلابی جدوجہد ہے ۔ البتہ جس طرح انسان کو زندہ رہنے کے لیے ہوا اور پانی کی ضرورت ہوتی ہے اُسی طرح قبل از انقلاب ملک کے انتظامی نظم و نسق کو چلانے کے لیے انتخابات کا انعقاد ناگزیر ہے ۔ لہٰذا الیکشن کمیشن، نگران حکومت اور عدلیہ، 8 فروری 2024 کو صاف ، شفاف اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنائیں۔ تمام سیاسی جماعتوں اور امیدواروں کو الیکشن میں حصہ لینے کا یکساں موقع فراہم کیا جائے۔ الیکشن سے قبل اور الیکشن کے دن دھاندلی کی روک تھام کے لیے فول پروف انتظامات کیے جائیں۔ کاغذات نامزدگی جمع کروانے کی مکمل آزادی ہو۔ آئین اور قانون کے مطابق سکروٹنی کا عمل کیا جائے اور کسی کے ساتھ امتیازی سلوک نہ برتا جائے ۔ ملک کے سیاسی استحکام کے لیے ضروری ہے کہ سیاسی جبر، پکڑ دھکڑ اور ماورائے آئین و قانون کاروائیوں سے مکمل اجتناب کیا جائے ۔ تمام حکومتی اور ریاستی ادارے آئین میں دی گئی حدود و قیود کے اندر رہ کر کام کریں، مکمل طور پر غیر جانب دار رہیں اور سیاست میں مداخلت سے اجتناب کریں۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ آئین اور قانون کے تحت عام انتخابات کا انعقاد ملک میں سیاسی عدم استحکام کو کم کرنے میں مدو معاون ثابت ہوگا لیکن اسلامی فلاحی ریاست کے قیام سے ہی درحقیقت پاکستان کی بقاء و سلامتی اور ترقی و خوشحالی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ آخری اور حتمی بات یہ ہے کہ ہماری اُخروی نجات بھی اِسی سے وابستہ ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 29 December 2023

"The conducting of free, fair and transparent elections in the country must be ensured."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The conducting of free, fair and transparent elections in the country must be ensured."

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that it is the considered and resolute opinion of Tanzeem e Islami that a revolutionary struggle is the only way to change the existing failed system, however, just as a person needs air and water to survive, similarly, elections are indispensable for running the administrative system and structure of the country, before the revolution has occurred. Therefore, the Election Commission, the care taker government, and the judiciary should ensure the administration of free, fair and transparent elections on 8 February 2024. Equal opportunities should be provided to all political parties and candidates to participate in the election. Comprehensive security measures should be taken to prevent pre-poll rigging and malpractices on the Election Day. Complete freedom should be granted for the submission of nomination papers. Scrutiny should be carried out according to the constitution and the law, and no preferential or prejudicial treatment should be given to anyone. It is essential for the political stability of the country that political coercion, intimidation, and actions beyond the constitution and the law be completely avoided. All government and state institutions should operate within the limits and restrictions set by the constitution, remain impartial, and refrain from interference in politics. The Ameer emphasized that while the conduct of general elections under the constitution and the law will significantly reduce political instability in the country, the establishment of an Islamic welfare state is actually what can ensure the survival, safety, and progress of Pakistan. The ultimate and crucial point is that our salvation in the Hereafter is also connected to this.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan